Press Release
پریس ریلیز

मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی
MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY
پارلیمنٹ ایکٹ کے تحت ۱۹۹۸ء میں قائم شدہ مرکزی یونیورسٹی
گچی باؤلی٬ حیدرآباد 500 032۔تلنگانہ
فون:-040-23006606٬ 23006612-15 (104)٬ فیکس:23006606٬ ای میل:۔manuupro1@yahoo.com٬ویب سائٹ:www.manuu.ac.in

27/دسمبر 2018

اردو یونیورسٹی میں علاقائی ڈائرکٹرس کے اجلاس کا آغاز

حیدرآباد، 27/دسمبر (پریس نوٹ): مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں علاقائی ڈائرکٹرس کے سہ روزہ اجلاس کا آج آغاز عمل میں آیا۔ اوپن اینڈ ڈسٹنس لرننگ (ODL) سے متعلق یو جی سی کے نئے قواعد 2017 سے پیدا شدہ مسائل پر غور کرنے کے لیے نظامت فاصلاتی تعلیم (ڈی ڈی ای) نے یہ اجلاس طلب کیا ہے۔ پروفیسر پی فضل الرحمٰن، ڈائرکٹر انچارج، ڈی ڈی ای کے بموجب اجلاس میں علاقائی مراکز اور ذیلی علاقائی مراکز کے ڈائرکٹرس اور انچارج شرکت کر رہے ہیں۔ افتتاحی اجلاس میں ڈاکٹر ایم اے سکندر، رجسٹرار نے نظامت فاصلاتی تعلیم کی اہمیت اور شرکائے اجلاس سے یونیورسٹی کی توقعات پر روشنی ڈالی۔ پروفیسر فضل الرحمٰن نے اجلاس کے ایجنڈہ کے بارے میں تفصیلات بتائیں۔ اس اہم اجلاس میں نظامت فاصلاتی تعلیم کے اساتذہ اور ارکان عملہ کے علاوہ یونیورسٹی کے اعلیٰ عہدیدار بھی شرکت کر رہے ہیں۔ توقع ہے کہ سہ روزہ میٹنگ میں اردو یونیورسٹی کے ODL نظام کو مزید موثر بنانے کے لائحہ عمل پر غور کیا جائے گا۔

عابد عبدالواسع
پبلک ریلیشنز آفیسر